فوری ریلیز کے لیے 2023/9/5

گورنر **_KATHY HOCHUL_**

## *گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ شدید بارش کے بعد ریاستی ایجنسیوں کی جانب سے جھیل اونٹاریو کی پانی کی سطحوں کی نگرانی کی جا رہی ہے*

***فی الحال اونٹاریو جھیل کے پانی کی سطح 247 فٹ سے اوپر ہے؛ پیشن گوئی کے مطابق یہ سطح بلند ہو سکتی ہے؛ جھیل کے ساتھ والے سب سے نشیبی مقامات پر 248 فٹ پر سیلاب آنا شروع ہو جاتا ہے***

***محکمۂ ماحولیاتی تحفظ اور ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی جانب سے پیشن گوئی اور جھیل کی سطحوں کی مسلسل نگرانی جاری ہے***

***مقامی ایمرجنسی منتظمین کو 25,000 سے زیادہ بھرے ریت کے تھیلے دینے کے لیے، ایجنسیاں تیار ہیں تاکہ جھیل کنارے واقع کمیونٹیز میں ممکنہ سیلاب کے اثرات کم کیے جائیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیویارک ایجنسی کے اہلکار، جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ پانی کی بڑھتی ہوئی سطحوں کی کڑی نگرانی کر رہے ہیں، کیونکہ حالیہ ہفتوں میں گریٹ لیکس نظام کے ذریعے بھاری بارشوں کے بعد اس جھیل کی سطح 247 فٹ سے تجاوز کر چکی ہے۔ اگرچہ پانی کی سطح ابھی بلندی تک نہیں پہنچی ہے اور 2017 اور 2019 میں دیکھے جانے والے سیلاب کے درجوں تک پہنچ جانے کی پیش گوئی نہیں کی گئی ہے، محکمۂ ماحولیاتی تحفظ اور ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات سمیت، مختلف ایجنسیاں کوششیں مربوط کر رہی ہیں اور جھیل کنارے واقع سیلاب کے ممکنہ اثرات کی زد میں آنے والی کمیونٹیز کی مدد کے لیے وسائل تیار کر رہی ہیں۔ آنے والے ہفتوں کے دوران، ضرورت کے مطابق، ایجنسیوں کی جانب سے مقامی حکومتوں کو ریت کے تھیلے، پمپس اور سیلاب سے نمٹنے کے دیگر وسائل فراہم کیے جائیں گے۔

"وہ رہائشی جو جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے اطراف میں رہتے اور کام کرتے ہیں، انہوں نے حالیہ برسوں میں زبردست چیلنجز کا سامنا کیا ہے، لیکن جھیل کے ساتھ اپنے مقامی حکومتی شراکت داروں کے ساتھ ہم آہنگی سے کام کرتے ہوئے، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ گزشتہ سیلاب کے واقعات سے متاثر ہونے والی ہماری کمیونٹیز کے پاس ایسے وسائل اور معلومات موجود ہوں جو اس سال ممکنہ سیلاب کے اثرات کو کم کرنے کے لیے انہیں درکار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم جھیل اونٹاریو میں پانی کی سطح کی نگرانی کے لیے اپنے مقامی اور وفاقی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے اور جھیل کنارے پر بسنے والے رہائشیوں اور کاروباری اداروں کو سیلاب سے بچانے کے لیے وسائل استعمال کرنے کے لیے تیار ہیں۔"

گریٹ لیکس نظام کے تحت حالیہ شدید بارشوں کی وجہ سے، جھیل اونٹاریو کے پانی کی سطح فی الحال 247 فٹ سے اوپر ہو چکی ہے اور پیش گوئیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سطحوں میں اضافہ جاری رہ سکتا ہے، جیسا کہ بین الاقوامی مشترکہ کمیشن (International Joint Commission, IJC) اس نظام کے اندر پانی کے بہاؤ کو منظم کرتا ہے تاکہ پورے خطے میں سیلاب کی روک تھام کی جائے۔ حالیہ برسوں میں، جھیل کے اطراف میں سب سے زیادہ نشیبی مقامات پر تقریباً 248 فٹ پر سیلاب آنے شروع ہو گیا ہے۔ جھیل کی تاریخ کی بلند ترین سطح 249 فٹ ہے۔

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات ( Division of Homeland Security and Emergency Services, DHSES) کی جانب سے محکمۂ ماحولیاتی تحفظ ( Department of Environmental Conservation, DEC) اور دیگر ریاستی ایجنسی کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے تاکہ اگر مقامی ہنگامی انتظامیہ کے حکام مدد کی درخواست کریں، تو پمپس اور ریت کے تھیلوں سمیت، سیلاب سے نمٹنے کے وسائل کی دستیابی میں ہم آہنگی پیدا کی جا سکے۔ اس گزشتہ ہفتے، دفتر برائے ہنگامی انتظامات ( Office of Emergency Management, OEM) کے فیلڈ عملے نے کایوگا، مونرو، نیاگرا، اورلینز، اوسویگو اور وائین کاؤنٹیز کے مقامی شراکت داروں کے ساتھ جھیل کی سطح کے حوالے سے ایک کانفرنس کال میں شرکت کی تھی اور سیلاب کا خطرہ درپیش ہو جائے تو اس صورت میں، ریاستی وسائل کی دستیابی پر تبادلۂ خیال کیا تھا۔ ریاست نیویارک، پانی کی سطح میں کسی بھی ممکنہ بلندی قبل از وقت وفاقی معاونت شدہ تیاری کی کوششوں کے سلسلے میں امریکی آرمی کور آف انجینئرز کے ساتھ بھی رابطہ کاری کر رہی ہے۔

**ریاست نیو یارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "مسلسل بارش کے کئی حالیہ سلسلوں کی وجہ سے اونٹاریو جھیل کے پانی کی سطح اوسط سے بڑھ گئی ہے۔ اگرچہ سیلاب کی کوئی فعال اطلاعات نہیں ہیں، اور ریاست کے REDI پروجیکٹس نے ساحلی پٹی کو زیادہ پانی کے لیے کافی حد تک لچکدار بنا دیا ہے، تاہم پانی کی سطح کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے اور اگر ضرورت پڑے گی تو ہم تیار ہیں کہ وسائل کے ہمراہ ساحلی پٹی پر بسنے والی کمیونٹیز کی مدد کی جائے۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر اور جھیل اونٹاریو کے استحکام اور اقتصادی ترقیاتی اقدام کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا،** "جب جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس میں پانی کی سطح کے بدلتے ہوئے حالات کی بات آتی ہے تو تیاری کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ DEC براہ راست گورنر Hochul، DHSES، IJC، اور دیگر ریاستی اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کی جا سکے کہ ہمارے پاس سیلاب کی رونما ہونے والی کسی بھی صورت حال کی روک تھام کرنے کے لیے درکار معلومات اور مواد موجود ہے۔ اس خطے میں REDI پروگرام نافذ کرنے میں جاری کامیابی کے ذریعے، ریاست نیویارک کی جانب سے جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے کنارے سیلاب زدہ کمیونٹیز کی امداد اور معاونت کی جا رہی ہے۔"

ساحلی کمیونٹیز کی معاونت کے لیے ریاست کے علاقائی اسباب کے ذخائر میں سے درج ذیل اثاثہ جات دستیاب ہیں:

- 957 واٹر پمپس
- 1,474 جنریٹرز
- 20 ریت کی بوریاں بھرنے والے
- 1,589,805 ریت کی بوریاں
- 403 ٹریفک رکاوٹیں
- 580 ٹریفک بیرلز
- 35,224 فیٹ ایکوا ڈیم

2017 اور 2019 میں آنے والے ریکارڈ سیلاب نے جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کی ساحلی پٹیوں کے ساتھ گھروں، کاروباری اداروں اور بنیادی ڈھانچے کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا تھا اور ریاست نیویارک نے کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کیا تھا تاکہ ریت کی بوریاں، جنریٹرز اور تاحال مؤثر ایک عمومی اجازت نامے کے ساتھ فوری ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کی جائے تاکہ ساحلی پٹی کے استحکام اور بنیادی ڈھانچے کی مرمت کی سرگرمیوں کو تیز کرنے میں مدد ملے۔ 2019 میں، جھیل اونٹاریو کے استحکام اور اقتصادی ترقیاتی اقدام کے قیام سے ریاستی ردعمل کو نمایاں طور پر تقویت ملی تھی جو کمیونٹیز کو فائدہ پہنچانے، طویل مدتی استحکام کو بہتر بنانے اور خطے میں مقامی معیشتوں کو تقویت دینے کے لیے $300 ملین تک فراہم کر رہا ہے۔

**جھیل اونٹاریو کے استحکام اور اقتصادی ترقیاتی اقدام ( Resiliency and Economic Development Initiative, REDI) کے بارے میں**

2019 میں، جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلوں کے اطراف میں سیلاب کے بڑھتے ہوئے اطوار کے ردعمل کے طور، ریاست نیویارک نے ساحلی علاقوں کے استحکام میں اضافہ کرنے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو تقویت دینے کے لیے REDI قائم کیا تھا۔ REDI کی پانچ علاقائی منصوبہ بندی کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں، جو نیاگرا، اورلینز، مونرو، وائین، کایوگا اور اوسویگو، جیفرسن، سینٹ لارنس کاؤنٹیز کے نمائندوں پر مشتمل تھی، تاکہ مقامی ترجیحات، خطرے سے دوچار بنیادی ڈھانچے اور دیگر اثاثہ جات، اور عوامی تحفظ کے خدشات کی نشاندہی کی جائے۔

REDI کمیشن اور REDI ٹیم، 2019 کے سیلاب سے متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ مل کر، سیلاب کے خلاف استحکام کے 134 پروجیکٹس کو آگے بڑھانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ یہ پروجیکٹس نہ صرف تباہ شدہ یا خطرے سے دوچار بنیادی ڈھانچے کو دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں، بلکہ موسمیاتی لچک کو ذہن میں رکھ کر دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔ جس طرح آب و ہوا کے زیر اثر موسم شدت اختیار کرتا ہے، تو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ریاست نیویارک کی جانب سے اپنا عزم جاری رکھا گیا ہے کہ سب سے زیادہ خطرے کی زد میں آنے والی کمیونٹیز کی تیاری مکمل رکھی جائے گی۔ REDI پروگرام کے ذریعے منتخب کردہ پروجیکٹس کی مدد سے رہائشیوں اور سیاحوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا، جبکہ پانی کی سطح بلند ہونے اور شدید موسمی حالات کے دوران علاقوں کو کھلا ہوا اور قابل رسائی رکھا جائے گا۔ ان پروجیکٹس میں طوفانی گٹروں کو اپ گریڈ کرنا، سیلاب سے تباہ شدہ سڑکیں بلند کرنا اور ان میں بہتری لانا، اور پانی کے بنیادی راستوں کی بھل صفائی کرنا شامل ہے جن کے نتیجے میں دیگر فوائد سمیت، محفوظ لنگر اندازی اور تفریحی کشتی چلانے والوں کے لیے مقامی کاروبار تک رسائی فراہم کی جاتی ہے۔

یہ منتخب کردہ پروجیکٹس نہ صرف عوامی تحفظ کو فروغ دیتے ہیں بلکہ یہ خطے کی اہم سیاحتی معیشت کو بھی تقویت پہنچاتے ہیں۔2019 میں ریاست کے REDI پروگرام کی تشکیل کے بعد سے، REDI کی مالی اعانت سے چلنے والے مقامی اور علاقائی 134 پروجیکٹس زیرِ تکمیل ہیں، جن میں 33 پروجیکٹس ڈیزائن کے مرحلے میں، 46 پروجیکٹس تعمیراتی مرحلے میں ہیں، اور 55 پروجیکٹس مکمل ہو چکے ہیں۔ REDI بھل صفائی پروگرام کے ذریعے، آٹھ کاؤنٹیز میں جہاز رانی والی 20 آبی گزرگاہوں کی بھل صفائی کی گئی ہے۔ ان پروجیکٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، [یہاں](#) جائیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں